# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے

# پانی

# ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

## تیاری

- کلاس میں جانے سے پہلے ٹیچر گلوب/ دنیا کے نقشے کا بندوبست کریں۔
  - کہانی کی کتابیں بچوں میں تقسیم کریں۔

10 منٹ
- ٹیچر کہانی تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہانی کا کون سا حصّہ سب سے دلچسپ لگا اور کیوں۔
  - بچوں کو جوابات دینے کا موقع دیں۔

10 منٹ
- بچوں کو بتائیں پانی بھی خدا کی دی ہوئی بہت ضروری چیزوں میں سے ایک ہے۔ پانی کے بغیر کوئی جاندار زندہ نہیں رہ سکتا۔ ہماری زمین کے تین حصّے پر پانی ہے اور ایک حصّے پر خشکی ہے۔
  - گلوب/نقشے کی مدد سے اپنی بات کی وضاحت کیجئے۔

10 منٹ
- اب کلاس کے ہر بچے سے ایک ایک جملہ پانی کے بارے میں سنیں۔ مثلاً

  پانی بے رنگ ہوتا ہے، پانی کا کوئی مزہ نہیں ہوتا، پانی جس برتن میں ڈالو اس کی شکل اختیار کرلیتا ہے، پانی بھاپ بن کر اُڑ جاتا ہے وغیرہ

10 منٹ
- اب بچوں سے کہیں کہ پانی کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- کہانی پڑھ کر امّی کو سنائیں۔

# سیشن 2

10 منٹ • کلاس کے 8-6 بچوں سے بلند آواز میں کہانی پڑھوائیں۔

10 منٹ • کہانی کی پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھیں کے روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والا پانی کہاں کہاں سے حاصل ہوتا ہے۔

- بچوں کو جوابات دینے کا موقع دیں پھر انہیں بتائیں ہم پانی دریا، تالاب، جوہڑ، کنویں، ٹیوب ویل، جھرنے وغیرہ سے حاصل کرتے ہیں بچے یہ فہرست اپنی کوپیوں میں لکھ لیں۔

• ٹیچر بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ پانی ہم سب کے لئے بے حد ضروری ہے اس لئے پانی کو احتیاط سے استعمال کرنا چاہیے۔ پانی کو ضائع ہونے سے بچانا چاہیے۔

10 منٹ • ٹیچر بورڈ پر لفظ پانی لکھیں۔ بچوں سے پانی کے استعمال کے بارے میں بات کریں کہ ہماری روز مرہ کی زندگی میں کن کاموں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ کلاس کے زیادہ سے زیادہ بچے اس بات چیت میں حصہ لیں۔

10 منٹ • صبح سے لے کر رات تک ایسے کاموں کی فہرست بنائیں جس میں آپ پانی کا استعمال کرتے ہیں۔ بچے فہرست کی لکھائی کا کام کوپی میں کرلیں۔ ممکنہ فہرست یہ ہوسکتی ہے۔

| | |
|---|---|
| پینے کے لئے | کھانا کھانے کے لئے |
| نہانے کے لئے | کھیتی باڑی کے لئے وغیرہ۔ |

## گھر کا کام

5 منٹ • امی / ابو کی مدد سے پانچ جملے لکھئے کہ پانی کس طرح احتیاط سے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

# سیشن 3

15 منٹ • کلاس کے 8-6 بچوں سے گھر کے کام کے حوالے سے بات کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے لکھے ہوئے مضامین پڑھ کر سنائیں۔

10 منٹ • پانی میں کھیلے جانے والے کھیلوں کے بارے میں بات چیت کریں۔

- بچوں کو بتائیں کہ کشتی رانی، تیراکی، غوطہ خوری، وغیرہ ایسے کھیل ہیں جو دنیا بھر میں کھیلے جاتے ہیں اور ان کے مقابلے دنیا بھر میں ہوتے ہیں۔ ان کو یہ بھی بتائیں کہ ان کھیلوں میں کچھ احتیاطی تدابیر بھی کرنی ہوتی ہیں۔ مثلاً

کشتی رانی میں خاص قسم کی جیکٹ پہنی جاتی ہے تاکہ ڈوبنے سے بچا جاسکے۔

15 منٹ • کہانی میں سے الفاظ ضد کی فہرست لکھنے کا کام کروائیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| صاف | گندا |
| مزہ | بد مزہ |
| خوشبو | بدبو |
| دھوپ | چھاؤں |
| آسمان | زمین |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| رنگ | بے رنگ |
| میٹھا | کھٹا |
| غائب | حاضر |
| سخت | نرم |
| پانی | آگ |

## گھر کا کام

5 منٹ • گھر سے نلکی (اسٹرو)، سرف یا شیمپو اور کوئی بھی پیالی اسکول لائیں۔ کلاس میں بلبلے بنانے کا کھیل کروایا جائے گا۔

# سیشن 4

10 منٹ • 6-8 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

20 منٹ • بچوں کو کلاس سے باہر لے آئیں اور ان کے درمیان بلبلے بنانے کا مقابلہ کروائیں۔ اس موقع پر کلاس کے ڈسپلن کا بھی خیال رکھیں۔

10 منٹ • بچوں کو کلاس میں لے آئیں اور ان سے کہیں کہ اسکول میں بلبلے بنانے کا کھیل کے عنوان سے پانچ جملے لکھیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • املا کی تیاری کرکے آئیں۔

# سیشن 5

10 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔

10 منٹ • املا کی اصلاح کروائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ اور پیراگراف سے املا لیا گیا تھا وہ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ اور پیراگراف دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

5 منٹ • املا کی اصلاح کا کام مکمل ہونے کے بعد درج ذیل اردو الفاظ کا انگریزی ترجمہ پوچھیں بچے اگر نہ بتا سکیں تو ٹیچر ان کی مدد کریں۔ اس کے بعد بچے فہرست کی لکھائی کا کام کوپی میں کریں۔

20 منٹ •

| English | اردو |
|---|---|
| water | پانی |
| green | ہرا |
| salt | نمک |
| square | چکور |
| steam | بھاپ |
| rain | بارش |
| earth | زمین |

| English | اردو |
|---|---|
| sea | سمندر |
| red | لال |
| sugar | چینی |
| circle | گول |
| ice | برف |
| sky | آسمان |
| cotton | روئی |

# پانی

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk